پرائیویٹ ٹی وی چینلز کی بندش کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس مسئلہ کو افہام وتفہیم کے ذریعے حل کیا جائے۔ڈاکٹرعمران فاروق

پرنٹ اورالیکٹرانک میڈیا کے منتظمین صحافتی تقاضوں کے مطابق غیر جانبدارانہ اورمتوازن طریقہ اپنائیں تا کہ کسی بھی فریق کوشکایت کا موقع نہ ملے

ایم کیوایم آزادیٔ صحافت پر یقین رکھتی ہے اور وہ صحافیوں کے مسائل بشمول ویج بورڈ ایوارڈ کے دیرینہ مسئلہ کوقومی اسمبلی کے ایوان میں اٹھاتی رہی ہے

لندن۔۔۔4، جون 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق نے وفاقی وزیراطلاعات محمدعلی درانی اورپیمرا کے بااختیارافراد سے اپیل کی ہے کہ وہ پرائیویٹ ٹی وی چینلز کی بندش کا فوری نوٹس لیں اوراس مسئلہ کوافہام وتفہیم کے ذریعے حل کریں۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم آزادیٔ صحافت پر یقین رکھتی ہے اوروہ صحافیوں کے مسائل بشمول ویج بورڈ ایوارڈ کے دیرینہ مسئلہ کوبھی حل کرنے کیلئے اس اہم مسئلہ کوقومی اسمبلی کے ایوان میں اٹھاتی رہی ہے۔ڈاکٹرعمران فاروق نے پرنٹ اورالیکٹرانک میڈیا کے منتظمین کوبھی مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ صحافتی تقاضوں کے مطابق غیرجانبدارانہ اورمتوازن طریقہ اپنائیں تا کہ کسی بھی فریق کوشکایت کا موقع نہ ملے۔

صدراوروزیراعظم بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیں، رابطہ کمیٹی

کراچی سمیت سندھ بھرمیں کئی کئی گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ پراظہارمذمت

کراچی۔۔۔4، جون 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی سمیت سندھ بھرمیں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شدیدگرمیوں کے موسم میں کراچی کے عوام کوبجلی کے بحران میں مبتلا کرکے شہریوں کے مسائل میں اضافہ کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ نے حق پرست عوامی نمائندوں سے ملاقات میں یقین دہانی کرائی تھی کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ مقررہ وقت سے زیادہ نہیں ہوگی لیکن کراچی میں کئی کئی گھنٹوں تک غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کا مسلسل سلسلہ جاری ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بجلی کے بحران کے باعث شہریوں کو پانی کے حصول کیلئے بھی شدیدمشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے اوران کے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدرجنرل پرویزمشرف اوروزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کے بحران اورطویل لوڈشیڈنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے،فوری مداخلت کرکے سندھ بھرمیں بجلی کے بحران کا سلسلہ بند کرایا جائے اورکراچی میں طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے ٹھوس اورمثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

☆☆☆☆☆